Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination - December - 2018

Paper : MAUR102CCT : Tareekh-e-Adab-e-Urdu

پرچہ : تاریخ ادب اردو

Time : 3 hrs — **Marks : 70**

557

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) چلے ٹھکرا کے میری تربت کو
خاک سے بھی میری غبار رہا
اس شعر کے کس لفظ میں ایہام ہے؟

(a) تربت (b) خاک (c) غبار (d) کسی میں بھی نہیں

(ii) انگلستان سے لوٹنے کے بعد سر سید احمد خان نے کون سا تعلیمی ادارہ قائم کیا تھا؟

(a) سینٹ اسٹیفن کالج (b) میری کالج (c) کینیڈی کالج (d) محمڈن اینگلو اورنٹیل کالج

(iii) خوگر نہیں کچھ یونہی ہم ریختہ گوئی کے
معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا
اس شعر میں معشوق سے کون مراد ہے؟

(a) امیر خسرو (b) قلی قطب شاہ (c) ولی دکنی (d) مرزا مظہر جان جاناں

(iv) جدیدیت کے فروغ میں کس رسالہ نے اہم رول ادا کیا؟

(a) آجکل (b) شب خون (c) انشاء (d) شاعر

(v) اپنا مضمون 'نظم اور کلام موزوں کے باب میں خیالات' محمد حسین آزاد نے کس انجمن کے جلسے میں پڑھا تھا؟

(a) انجمن ترقی اردو ہند (b) انجمن حمایت اسلام (c) انجمن پنجاب (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) کس شاعر نے اپنی نظموں میں سلمٰی اور عذرا کے کردار پیش کیے ہیں؟

(a) محمود خان شیرانی (b) اختر شیرانی (c) مجاز لکھنوی (d) میرا جی

(vii) لٹریری سوسائٹی دلی کس کالج سے متعلق تھا؟

(a) فورٹ ولیم کالج (b) مسلم اینگلو اورنٹیل کالج (c) فورٹ سینٹ جارج کالج (d) دلی کالج

(viii) جدیدیت کی فلسفیانہ اساس کس کی تصنیف ہے؟

(a) مولوی امداد اثر (b) مسعود حسین خان (c) نیاز فتح پوری (d) شمیم حنفی

(ix) ذیل میں کس کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے ہے؟

(a) سر فلپ سڈنی (b) ڈاکٹر جان گلکرسٹ (c) ڈاکٹر سموئیل جانسن (d) وکٹر ہیوگو

(x) مخدوم محی الدین کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟

(a) ترقی پسند تحریک (b) علی گڑھ تحریک (c) تحریک ریختہ گویان (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2- حلقۂ ارباب ذوق کے قیام کے مقاصد بیان کرتے ہوئے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3- ایہام گوئی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فوائد ونقصانات پر روشنی ڈالیے۔

4- کلاسیکیت کیا ہے؟ کیا رومانیت کلاسیکیت کی ضد ہے؟ تفصیل سے روشنی ڈالیے

5- دہلی میں اصلاح زبان سے متعلق، مرزا مظہر جان جاناں اور ان کے رفقاء کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

6- ریختہ گوئی کے فروغ میں وَلی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

7- اردو کی ترقی میں جامعہ عثمانیہ حیدرآباد کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8- اردو کی قومی و وطنی شاعری پر اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔

9- اردو میں جدید نظم نگاری کی ترقی و ترویج میں انجمن پنجاب کی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

حصہ سوم

10- ترقی پسند تحریک کا تعارف کراتے ہوئے اردو ادب پر اس کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

11- دبستان دہلی کی نمایاں خصوصیات اشعار کے حوالے سے تحریر کیجیے۔

12- علی گڑھ تحریک کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

13- دلی کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

14- فورٹ ولیم کالج کے اغراض و مقاصد نیز اس کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆